INFECTION PREVENTION AND CONTROL FOUNDATION

VFAHT
Volunteer Force Against Hepatitis Transmission

# ہیپاٹائٹس سے بچاؤ ممکن ہے

## ہیپاٹائٹس کیا ہے؟

یہ جگر کی سوزش ہے ، جو جگر کے کینسر سمیت متعدد صحت کے مسائل کا سبب بنتا ہے۔

ہیپاٹائٹس بی اور سی اموات کی سب سے عام وجہ ہیں ، جس میں سالانہ 1.3 ملین افراد کی جانیں ضائع ہوتی ہیں۔

کورونا وائرس کی عالمی وبا کی صورتحال میں بھی ہیپاٹائٹس روزانہ ہزاروں افراد کی جانیں لے رہا ہے۔

ہیپاٹائٹس کی آگہی کا عالمی دن 28 جولائی کو منایا جاتا ہے۔

## علامات

انفیکشن کے بعد تقریبا 80 فیصد لوگ کوئی علامات ظاہر نہیں کرتے۔
ہیپاٹائٹس کی عام علامات میں شامل ہیں:

بخار - تھکاوٹ - بھوک میں کمی - متلی، الٹی، پیٹ میں درد - گھرے پیلے رنگ کا پیشاب -
بھورے رنگ کا پاخانہ - جوڑوں کا درد - جلد اور آنکھوں کی سفیدی کا پیلا ہونا (یرقان)

# بیماری کے اسباب

- منشیات کے استعمال کے دوران انجیکشن کا اشتراک۔
- غیر اسکرین شدہ خون یا خون کے اجزا کی منتقلی۔
- دانتوں کے طریقہ کار کے دوران بغیر جراثیم کشی کے آلات کا استعمال۔
- متاثرہ ماں سے پیدائش کے دوران بچے میں منتقلی۔
- جلد کو کھدوانے کے دوران۔
- استرے اور اسی طرح کی چیزوں کے استعمال کے زریعے۔
- طبی ساز و سامان کے دوبارہ استعمال یا ناکافی جراثیم کشی۔
- غیر محفوظ جنسی تعلق۔

# حفاظتی تدابیر

- انجیکشن کا محفوظ اور مناسب استعمال۔
- تیز دھار آلات، شیشے کی مصنوعات اور فاضل مادوں کو محفوظ طریقے سے ضائع کرنا۔
- ہیپاٹائٹس بی کی ویکسین اور حفاظتی ٹیکے لگوانا۔
- خون کی منتقلی سے پہلے ہیپاٹائٹس بی، سی، ایچ آئی وی اور سیفلس کی جانچ۔
- ٹیکے، استرے، بلیڈ کے دوبارہ استعمال، دانت برش کے اشتراک اور متاثرہ شخص کا نیل کٹر استعمال کرنے سے پرہیز کریں۔
- سال میں ایک مرتبہ ہیپاٹائٹس بی اور سی کا تشخیسی ٹیسٹ۔
- حفاظتی جنسی تعلقات میں ملوث ہونا۔

**آئیں مل کر ہیپاٹائٹس سے پاک مستقبل کو یقینی بنائیں۔**